۶۸۶

منظورہ عالیجناب راجہ مرلیدھر صاحب فتح نواز ونت صدرالمہام بہادر مجالس مبارک

فن گلزار عثمانیہ با تصویر

مؤلفہ

نرہر راؤ وکیل درجہ اول

کامیاب شدہ امتحان جوڈیشل ڈپلومہ نمبر درجہ اعلیٰ ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۳۱) سنہ ۱۳۲۸ ف

مطبع عزیز تجارت دکن رزیڈنسی بازار حیدرآباد دکن

کتب خانہ آصفیہ
حیدرآباد دکن

جملہ حقوق طبع و ترجمہ محفوظ ہیں

بہ ترتیب فنون گلزار عثمانیہ بالتصویر جو شوقین گلزار کے لیے شائع کی

نیازی ہے

بصد الادب

راجہ مرلیدھر صاحب فتح نواز ونت صدر المہام بہادر
سرشتہ خاص مبارک کے نامے نامی و اسم گرامی سے باجازت
معنون کیجاتی ہے۔ جنکی ذات حمیدہ صفات سے نہ صرف
حیدرآباد دکن واقف ہے۔ بلکہ سارے اہل ہندوستان
بہ نظر تعظیم مانتے ہیں جو زمانہ موجودہ میں اوتار مانے جاتے ہیں

خاکسار

نرسیہ راؤ وکیل درجہ اول ساکن رزیڈنسی بازار متوطن حیدرآباد دکن

دیباچہ

پھول کی مرتبت و افضلیت سے ہر شخص واقف ہے۔ اہل ہنود و اہل اسلام اور نیز دیگر اقوام مین متبرک اور عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ مسجد اور مندرون مین اکثر اوقات پھولون کی آمد کی سوائے کام نہین چلتا۔ پھولون کی قدر و منزلت مین جسقدر تعریف کیجاوے تھوڑی ہے۔ یہانتک وشنو پرآکاش نے اپنے زیبائش کے اسباب مین کنول کو اپنے ہاتھ مین دیا۔ ارکان کیا پیغمبر اور بزرگان دین اور اوتارون نے پھولون کے ہار زیب گلو فرمایا۔ اور مستورات نے اپنے سرون کے زلف کاکل کو رنگ برنگ کے پھولون سے سنوارا اور شاعرون نے ان پھولون کو معشوق سے تشبیہ دیا گل ایسی چیز ہے کہ اگر دل بیکل ہو جاوے تو پھولون سے دل بشاش اور دماغ معطر ہو جاوے۔ بہرکیف پھول ہر قوم و مذہب مین بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ گو بہت سے کتب پھلواری مین اکثر انگریزی اسماء ہی کی وجہ ایک لفظ ہی سمجھ مین نہین آتا۔ اور اون نامون کی نادانست سے ایک درخت بھی ہمارست کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ **مولف** نے حتی الامکان اس بات کی کوشش کی ہے کہ انگریزی اسماء کے ساتھ اردو نام بھی شریک رہے۔

طول طویل مضامین سے دل پریشان نہو۔ مختصر تختہ کی صورت مین پھلواری اور فرن و کروٹن کے درختون کا حلیہ و اقسام اور موسم تخم ریزی تحریر کر دیا ہے۔ اون درختون کے محاذی تختہ کے خانہ (۵) مین قلم و پیوند و چشمہ و چھلہ و گٹی کا طریقہ مرکوز ہے۔ لیکن فن باغات عثمانیہ مولف کتاب ہذا مین قلم و پیوند کا بیان **باب ۲** مین بالتفصیل مندرج ہے۔ جو بثبت نشان (۲) ۱۳۳۷ف مین طبع ہو کر شایع ہو چکی ہے۔ جو اعلیحضرت قدر قدرت بادشاہ وقت کے نام گرامی سے معنون کرنے کی اجازت چاہی گئی ہے۔

امید ھے کہ

بارگاہ خسروی سے منظوری صادر ہو جاویگی۔

مولف نے سنہ ۳۶ف مین قانون زراعت مالگذاری عثمانیہ تصنیف و تالیف کیا تھا۔ جو

عالیجناب صدر اعظم بہادر باب حکومت سرکار عالی راجہ مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر کے نام نامی سے معنون کی گئی ہے۔ اور عالیجناب راجہ مرلیدہر صاحب فتح نواز ونت صدر المہام بہادر صرفخاص مبارک کے نامی گرامی سے تہدیہ لکھا گیا ہے۔

سنہ ۳۰ف مین مولف نے اس کتاب فن گلزار عثمانیہ کو تالیف کیا ہے۔ بہت روز سے تشویش رہی اس کتاب کو کن کے نام سے معنون کیا جاوے۔ اگر نظر تعمق سے دیکھا جاوے تو اوتار پرستش بزرگون نے عالیجناب راجہ مرلیدہر صاحب فتح نواز ونت صدر المہام بہادر صرفخاص مبارک و ممبر مجلس معزز کمیٹی صرفخاص مبارک نظر آتے ہین۔ عالیجناب راجہ صاحب موصوف نے سرکار نظام کے خدمات کس دیانت داری و خوش اسلوبی سے انتہا کو پہنچائے۔ اور اپنی جملہ عمر سرکار نظام کے خدمات کے انجام دہی مین صرف فرمائے جن کا نام حکامان دیانت دار اور پرورشی رعایا مین مشہور ہو چکا۔ صفحہ ہستی پر تا قیام شمس و قمر مشہور و معروف رہیگا۔ ہر کس و ناکس دعا گو اور ماتحتین خوش و خرم ہین۔ جو علی الظاہر ہے۔ اس لیے خاکسار نے عالیجناب راجہ صاحب ممدوح کا انتخاب کیا اس ناچیز نسخہ کو عالیجناب راجہ صاحب موصوف صدر المہام بہادر صرفخاص مبارک کے نامی نامی سے بطور یادگار معنون کرون۔

بصد ادب

اس ناچیز نسخہ کو ملاحظہ مین پیش کر کے معنون کرنیکی اجازت چاہی۔ عالیجناب راجہ صاحب ممدوح نے اپنے قلم بابرکات سے معنون کرنے کی اجازت صادر فرمائی ہے۔ اس لئے عالیجناب صدر المہام بہادر صرفخاص مبارک کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ یہ ناچیز نسخہ مقبول عام کا شرف حاصل کریگا۔

خاکسار

نرہر راؤ وکیل

ہائیکورٹ نظام سرکار عالے



نرھرراو وکیل ھائکورٹ سرکار عالي

Shri Chaitanya Printing Works, Hyderabad-Dn.

فن گلزار عثمانیہ

باب (۱)

لوازم گلزار

حوالہ کتب دیگر (۱) جس کسی کتاب زراعتی یا گلزار کتاب موصوف مین دیگر کتب کا حوالہ ہو تو حروف ذیل مندرجہ براکٹ سے شناخت کرلین

مثلاً

(۱) قانون زراعت مالگذاری عثمانیہ باتصویر کے لئے (ق)
(۲) فن باغات عثمانیہ باتصویر کے لئے (ف۔ب)
(۳) فن گلزار عثمانیہ کے لئے (ف گ)
(۴) فن ویجیٹبل گارڈن عثمانیہ کے لئے (ف و)
(۵) فن زراعت عثمانیہ کے لئے۔ (ف ز)
(۶) فن صنعت حرفت زراعت عثمانیہ کے لئے (ف ص)

اسماء اجزائے گل (۲) عام پھول مین حسب ذیل جزو ہوا کرتے ہین دیکھو نقشہ:

(۱) دستۂ گل (۲) مسکن (۳) بطن گل (۴) پنکھڑی (۵) اقمع (۶) پتی
(۷) گردگل (۸) دائرہ (۹) نالی (۱۰) کیسر (۱۱) پراگ (۱۲) زر (۱۳) لونہ
(۱۴) بطن لونہ۔ (۱۵) کیلا یعنی زوج (۱۶) حامل الزوجین۔

۲۔ (۱) دستہ گل یعنی بونٹھا۔ مسکن یعنے پیالی کے نیچے کے حصہ کو بونٹھا یا دستہ کہتے ہین۔ اور نیز حامل الحبیبہ بھی کہتے ہین جو بے ثمر پھول ہوا کرتے ہین۔

(۲) حامل الثمر یعنے ڈینٹھ۔ حسب متذکرہ صدر بطن گل کے نیچے ایک ساق ہوتی ہے جس کے اوپر بطن گل کا وجود ہوتا ہے چونکہ بطن گل آئندہ چلکر پھل بنجاتا ہے۔ اس لئے اس دستہ یا ساق کو حامل الثمر کہتے ہین جو ثمردار پھول ہوا کرتے ہین۔

(۳) بطن گل اس حصہ اندرونی کو کہتے ہین جس مین اقمع اور کیسر اور لونہ اور حامل الزوجین وغیرہ رہتے ہین۔ جو پنکھڑیون سے پیالہ نما بنا ہوا سبز رنگ کا ہوا کرتا ہے جس کو پیالہ گل بھی کہتے ہین

(۴) پنکھڑیان غلافی بطن گل کے پنکھڑیون سے ہر فرد کو غلافی پنکھڑی کہتے ہین جو پھول کو سردی اور پالا اور کیڑون سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۵) اقمع۔ مسکن سوافل کو اقمع کہتے ہین۔

(۶) پتی یعنے سافل۔ اقمع کے ہر فرد کو پنکھڑی یا پتی کہتے ہین۔ مجموعہ سوافل کو پتیان یا پنکھڑیان کہتے ہین۔

(۷) گردگل۔ مسکن سے پتیان ایک دوسرے سے جٹے ہوئے نکلتے ہین۔ ان پتیون کے حلقوم کو گردگل کہتے ہین۔

(۸) دائرہ گل۔ گردگل کے پتیان نیچے سے اوپر تک جٹے ہوئے چلے جاوین تو اوپر کے حصہ کو حلقوم یا تاج گل یا دائرہ گل کہتے ہین۔

(۹) انبوب یا نالی۔ پھول متحد السوافل ہونے کی وجہ سے نالی پیدا ہو جاتی ہے۔ دائرہ گل کے اندرونی خلاء کو اور نیز بطن گل کے خلاء کو بھی نالی یا انبوب کہتے ہین۔

(۱۰) کیسر یعنی سلائیان اس کاڑی کو کہتے ہین۔ جس کے اوپر پراگ یعنے لنڈے سفوف کے ہوتے ہین۔

(۱۱) پراگ کیسر۔ کیسر کے کاڑیون پر ہیلیون مین سفوف ہوتا ہے۔ جو اپنے موسم پر پہوٹتے ہین اس سفوف کو پراگ کیسر کہتے ہین۔

(۱۲) میدگل یا گربہ کیسر یا زرکیسر کے کاڑیون پر صرف باریک باریک لنڈے ہوتے ہین۔ جن کے مل دینے سے سفوف ہو جاتا ہے۔ جو گربہ کیسر یا زر کہلاتا ہے۔

(۱۲) لونہ۔ پہول کے اندرونی حصص کے منجملہ رحم گل کو لونہ کہتے ہین۔ جس مین انڈے ہوتے ہین۔ جو تخم بنجاتے ہین۔

(۱۳) بطن لونہ (۱) پہول کے درمیان ایک موسلی یعنے ساق نکلی ہوئی رہتی ہے جسمین لونہ کا عضو ہوا کرتا ہے۔ اوس موسلی کے نیچے کے حصہ کو بطن لونہ کہتے ہین۔

(۱۴) انڈے لونہ کے اندر ایک یا کئی انڈے باریک باریک ہوتے ہین۔ جو بالآخر تخم بن جاتے ہین۔

(۱۵) کیلا یعنے زوج پہول مین بطن لونہ کے اوپر اور حامل الزوجین کے نیچے یعنے جو حصہ بطن لونہ اور حامل الزوجین کو ملاتا ہے۔

(۱۶) حامل الزوجین جو حصہ پہول مین کیلا متذکرہ صدر کے اوپر لنڈے کے مثل بالون سے بہرا ہوا ہوتا ہے۔ جسپر پراگ گرنے سے پہول حاملہ ہو جاتا ہے۔

(۱۷) اسلوج۔ سلائیون کے درمیان ایک کاڑی مثل تاگہ کے ہوتی ہے۔ جس کو اسلوج کہتے ہین۔ جس کے اوپر ایک ظرف ہوتا ہے۔ جن کا منہہ تکینگی گل پر کہلجاتا ہے۔

اسمای بصورت تغیر و تبدل اجزائے گل

۴ ہر پہول مین تمام اجزائے گل نہین ہوتے۔ بعض مین چند اور بعض مین اور چند اجزا ہوتے ہین۔ اس وجہ اجزائے گل مختلف اسمار سے نامزد ہین۔ جو حسب ذیل ہین۔

(۱) جماعت الذکور۔ جب کسی پہول مین کیسر کے کاڑیان ایک سے زائد جمع ہو جاوین تو ان کاڑیون کو جماعت الذکور کہتے ہین۔

(۲) جماعت الاناث۔ مادہ پہول کے لونہ مین متعدد خانہ ملے ہوئے یا علحدہ ہوتے ہین۔ ان خانون کے مجموعہ کو جماعت الاناث کہتے ہین۔

(۳) متحد الجنسین یا دوجنسی۔ بعض پہولون مین جماعت الذکور اور جماعت الاناث دونون ہوتے ہین تو وہ پہول متحد الجنسین کہلاتے ہین۔

(۴) گل مخلوط الجنس۔ جبکہ کسی پہول مین جماعت الذکور اور جماعت الاناث دونون نزدیک نزدیک جڑے ہوئے ہون

(۵) غلافی۔ وہ پہول جنہین اقمع اور لونہ ہون۔

(۶) گل کامل۔ جن پہولون مین اجزائے ضروریہ یا مخصوص (جماعت الذکور اور جماعت الاناث) اور اقمع اور بطن گل ہو مثلاً پہول گہوکرو۔

(۷) گل ناکامل۔ وہ پہول جن مین اجزائے صدر سے کوئی ایک (جزائے مذکورہ فقرہ (۵) سے کم ہون

(۸) گل اقزل۔ جس پہول مین بونٹہا یا دستہ نہ ہو۔

(۹) گل اقمعی۔ ان پہولون کو جن مین اقمع اور لونہ اور جماعت الذکور نیچے کے حصہ مین ایک دوسرے سے جڑے ہوئے رہتے ہین۔ مثلاً گل گلاب جامن یا امرود

(۱۰) گل اقمع فوقانی۔ جب اقمع بطن گل سے ہٹا ہوا ہو کر یہ معلوم دیتا ہو کہ اوپر سے نکلے ہوئے ہین۔ مثلاً گل گلاب جامن یا امرود۔

(۱۱) گل اقمع تحتانی۔ جب اقمع بطن گل سے جڑا ہوا ہو کر گل بطن کے نیچے واقع ہوتا ہے

(۱۲) متحد السوافل۔ جب سوافل اقمعی پہول کے جڑے ہوئے ہوتے ہین مثلاً گل کہوکرو۔

(۱۳) جوارہ یا منفرد السوافل۔ اگر پہول مین سوافل آزاد ہون اور جڑے ہوئے نہون مثلاً ونیلی ذلنگی کا پہول۔

(۱۴) اقمع باقاعدہ۔ جب کل سوافل یعنے پتیان برابر ہون جس کو گل باقاعدہ بھی کہتے ہین مثلاً بٹر کا پہول

(۱۵) اقمع بے قاعدہ۔ جب کل پتیان برابر نہ ہون جس کو گل بے قاعدہ بہی کہتے ہین مثلاً گل تلسی و ریحان

(۱۶) اقمع ساقط۔ جب اقمع پہول کے کہلتے ہی گر پڑتے ہین۔

(۱۷) اقمع ذائل۔ جب اقمع پہول کہلنے کے چندروز کے بعد گر جاتے ہین۔

(۱۸) اقمع دائم۔ وہ اقمع جو پہل کے ہمراہ جزو پہل ہو جاوین۔

(۱۹) اقمع قائم۔ وہ اقمع جو پہل کا پوست بنجاتا ہے۔ پہل کے پختگی تک نظر آتا ہے۔

(۲۰) دندانہ یا شعبہ۔ جوارہ کو بلحاظ اشکال دندانہ یا شعبہ کہتے ہین۔

(۲۱) سہ یا چہار یا پنج اجزاء دندانی یا شعبی۔ کثیر السوافل اقمع کو دندانی یا شعبون کے تعداد کے لحاظ سے سہ یا چہار یا پنج اجزاء دندانی یا شعبی کہتے ہین۔

(۲۲) سہ یا چہار یا پنج اجزاء سوافل۔ کثیر السوافل اقمع کو سوافل کے تعداد کے لحاظ سے سہ یا چہار یا پنج اجزاء سوافل کہتے ہین۔

(۲۳) قصبی۔ جب کسی پہول کے دائرہ کے اندر ساق کے بڑہنے سے فاصلہ ہو تو اوپر کے دائرہ کو قصبی کہتے ہین۔

(۲۴) گنتی یا گنگی۔ پہول ڈنڈل مین بغیر دستہ کے نکلے ہوئے ہوتے ہین۔ جن کو گنتی یا گنگی کہتے ہین۔

(۲۵) گیندا۔ وہ پہول جس کے ڈنڈل کا کونہ موٹا ہو کر گیند نکلا ہے۔

اسماء و اقسام گل ۴۔ بلحاظ تذکیر و تانیث پہول کے اقسام حسب ذیل ہین۔ دیکھو فقرہ باب (۹) درخت ق

(۱) مذکر پہول۔ جن پہولون مین پراگ کیسر اور گرہ کیسر کے کاڑیان ہوتے ہین۔ وہ

پھول نر کہلاتے ہین۔

(۲) مونث پھول۔ جن پھولون مین گرپہ کیسر کے کاٹریان نہین ہوتے ہین۔ ان کو مونث پھول کہتے ہین۔

(۳) مخنث پھول۔ وہ پھول جو نر ہو اور نہ مادہ ایسے پھول مخنث پھول کہلاتے ہین۔

(۴) بانجھ یا عقیم۔ وہ پھول جو مونث ہوا کرتے ہین لیکن حمل قبول نہین کرتے۔ جس مین جماعت الذکور یا جماعت الاناث اور لونہ مین سے کوئی جزو نہ ہو۔

(۵) ایک مکانی جن پھولون مین نر اور مادہ ہوتے دونون قسم کے پھول ایک ہی درخت مین ہوا کرتے ہین۔ مثلاً کدو۔ کھیرا۔ ککڑی۔

(۶) دو مکانی۔ جب ایک جنس کے دو درختون مین ایک درخت مین نر اور اوسی جنس کے دوسرے درخت مین مادہ پھول ہوتے ہین۔ مثلاً تاڑ و کھجور کے پھول۔

(۲) بلحاظ اشکال اسماء گل حسب ذیل ہین۔

(۱) خوشہ دار (۲) کاسہ نما (۳) چھتری دار (۴) چہار دار (۵) گچھہ دار
(۶) بصورت مینار (۷) کاکل (۸) بلبچہ نما (۹) بصورت موز (۱۰) بصورت آویزہ

لازمی اجزائے گل

۵ ہر پھول مین اجزائے ذیل کا ہونا لازمات سے ہے تو وہ گل کامل کہلاتا ہے۔

(۱) بطن گل (۲) اقمع (۳) جماعت الذکور (۴) لونہ

قدرتی ہیری ڈی زیشن یعنے بلا واسطہ حمل

۶۔ لونہ کے اندر دو نالیان ہوتے ہین۔ جو حامل الزوجین کے قریب قریب ملے ہوئے ہوتے ہین۔ جب پراگ حامل الزوجین پر گرتا ہے تو اس کے اثر سے لونہ کے دو لون نالیان بڑھ کر حامل الزوجین تک پہنچ جاتے ہین۔ اور پراگ کو لینے کی کوشش کرکے باریک سوراخ حامل الزوجین پیدا کر دیتے ہین۔ اس طرح پراگ کھینچ لے کر انڈون تک پہنچا دیتے ہین۔ ان انڈون

مین کا مادہ جوش کہا کر اس مادہ پر اگ کو کہینچ لیتا ہے جس کی وجہ انڈے شکل بدل کر تخم بنجاتے ہین ۔
دیکہو فقرہ (۲۲۶) باب (۳) درختان میوہ دار شیرین کہجور - **ف ب**

(۲) بعض پہولون مین پراگ کیسر موجود ہوے ہین۔ اس لئے حاملہ ہوتے ہین۔ لیکن بعض پہولون مین نہین ہوتا۔ بلکہ صرف لونہ ہوتا ہے۔ یا اگر پراگ کیسر ہوتا ہی ہے تو بغیر حرکت کے پراگ باہر نہین نکلتا۔ اس لئے بذریعہ آب وہوا اور کیڑے مکوڑون کے دیگر پہولون کے پراگ کیسر کے ذریعہ حاملہ ہوتے ہین۔ جس کے پہل نہایت قوی الجثہ اور طاقت ور ہوتے ہین۔ اس لئے دیگر پہولون کے پراگ سے حاملہ کرنا ہی بہتر ہے۔

۳۔ بلا واسطہ حاملہ ہونا اوس وقت سمجہا جاویگا جبکہ پہول اپنے ہی پراگ سے حاملہ ہو۔ جو ادنی قسم کے پہولون مین شمار ہے۔ کیونکہ بلحاظ اصول طب ایک ہی خون سے جو انسان پیدا ہو وہ انسان کمزور ہوا کرتا ہے۔

(۲) بالواسطہ حاملہ ہونا۔ پہول اگر دوسرے پہول کے پراگ سے حاملہ ہو تو بالواسطہ کہتے ہین جو اعلی قسم کے پہولون مین ایسے پہول شمار کئے جاتے ہین کیونکہ بلحاظ اصول طب دو علیحدہ خونون کے میل سے جو انسان پیدا ہو وہ طاقتور اور عقلمند ہوتا ہے۔

آب وہوا اور کیڑے مکوڑون کے ذریعہ حمل

(۷) بعض اوقات ہوا کے ذریعہ دیگر پہولون کا پراگ اوڑکر دیگر درخت کے پہولون پر موثر ہوتا ہے۔ جس سے پہول حمل قبول کرتے ہین لیکن بعض اوقات ہوا ہی کے ذریعہ حمل ہونا قرار نہین دیا جا سکتا۔ بلکہ کیڑے مکوڑون اور شکر خورہ کا پرندہ (پٹپٹی) ذریعہ بہی حمل قرار پاتا ہے۔ بعض اوقات مصنوعی عمل کے ذریعہ حاملہ کرتے ہین۔ مثلاً اونٹ کے بالون کے برش سے سفوف مین چہو کر پہول کے موصلی کے اوپر چہوتے ہین تو پہول حاملہ ہو جاتا ہے۔

(۲) شہد کے مکہیان اور بہونگے ادہر ادہر اوڑتے نظر آتے ہین۔ جو پہولون کے حلقوم سے جو حامل الزوجین کے اوپر رہتا ہے۔ شہد یا میٹہا رس پینیکے لیئے آتے ہین۔ اگر پراگ

پہول مین ہون تو ان کیڑے مکوڑون کے حرکت سے پراگ حامل الزوجین پر گرتا ہے۔ اگر پہول مین پراگ نہ ہو تو کیڑے مکوڑے دیگر پہولون مین شہد وغیرہ پیتے ہین تو ان کے ٹانگون مین دیگر پہولون کا پراگ لگا رہتا ہے کیونکہ ان کے ٹانگون مین تہیلیان ہوتے ہین۔ بوقت حصول شہد پراگ ٹانگون کے تہیلیون مین بہر جاتا ہے۔ وہ پراگ (پراگ جن پہولون مین نہین ہوتا ہے) اوس کشمکش کی وجہ جو شہد کے حصول مین ہوتا ہے گرتا ہے تو پہول حاملہ ہو جاتے ہین۔ اس سے یہ امراد نہین ہے کہ ہر قسم کا پراگ دیگر جنس کے لئے کارآمد ہو سکتا ہے۔ ایسا نہین ہے بلکہ جس جنس کا پراگ ہو اوسی جنس کے پہول مین حمل قبول کریگا۔

حمل مخصوص (۸) ونیلی (ونلنگی) کا پہول ایسا ہے جس مین پراگ ہوا کرتا ہے۔ جو حامل الزوجین کے نیچے تہیلیون مین ہوتا ہے۔ لیکن لونہ اس پہول کا بطن گل کے نیچے اوترا ہوا ہوتا ہے۔ اسلئے پراگ بآسانی حامل الزوجین پر نہین لگ سکتا تا وقتیکہ کوئی شئے محرک نہ ہو پراگ باہر نہین پڑتا۔ اس لئے جب شہد کی مکہی جب شہد کے حصول کے لئے آتی ہے تو حامل زوجین پر بیٹھ کر نالی مین اوترنے کی کوشش کرتی ہے اس وزن کی وجہ تہیلیون کے منہہ کہلجاتے ہین۔ اور پراگ باہر نکل پڑتا ہے۔ جو مکہیون کے ٹانگون اور جسم پر لگ جاتا ہے۔ وہ پراگ حامل الزوجین پر بہی مکہیون کے ٹانگون اور جسم سے لگجاتا ہے۔ جس سے حمل قرار پاتا ہے۔ لیکن اگر شہد کے مکہیان اور کیڑے نہ آوین اور اور محرک نہون تو کوئی صورت اس کے حمل قرار پانے کی نہین ہے۔ ہوا کے ذریعہ بہی اس پہول مین پراگ اوڑکر گرنیکا موقع و محل نہین ہے۔ اس لئے مصلحت مشیت ایزدی نے ان مکہیون کو پیدا کیا جو خاص طور پر ان مکہیون کی وجہ حمل قبول کرکے پہل پہول ثمرہ پیدا کرتے ہین۔ بعض صورتون مین بوجہ مخصوص صورتون کے جو اوپر بیان کیا گیا ہے اسطرح کے پہول حمل قبول نہ کرین تو بحد مجبوری مصنوعی ہری ڈی زیشن پر عمل کرنا پڑتا ہے دیکہو فقرہ (۶۰،۷،۹) باب ہذا۔

مصنوعی ہیبری ڈای زیشن ۔ (۹) ہیبری ڈی زیشن یعنے دو قسمون کو ملانے کو کہتے ہین۔ ایک جنس کے درخت کے پہول کے رج کو اسی کے دوسرے قسم کے پہول مین لگاؤ۔ غیر قسم کے پہول کا زیرہ دوسرے قسم کے پہول پر رہیگا تو کسی قدر وقت گذرنے پر ایک باریک نلی پیدا کریگا۔ اور اسٹگما کے ریشون مین (وہ عضو گل درخت جو حمل قبول کرتا ہے) داخل ہو کر روبول یعنے گل درخت کے رحم مین پہنچکر تخم بن جاتا ہے۔ یہ تخم ایک درخت مین پیدا ہو کر دوسرے درخت کا اثر رکہتا ہے جب اسطرح کرنا منظور ہو تو انتخر یعنے (غذا ار درخت) سے محروم کر دینا چاہیے اکثر پہولون مین رج پیدا ہونے کے قبل پہل ہو جاتا ہے۔ بعض پہولون کے کہلنے سے پہلے ہی رج پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لئے ان مین ملاپ نہین ہوتا۔ اگر ملاپ کرنا چاہین تو ان کو باریک مقراض سے کترنا چاہئے یا ہاتہ سے کہول لینا چاہیے۔ جس درخت کے پہول کی پختہ رج کو دوسرے مین رکہنا چاہو تو اس کو پہول مین سے ایک شتر کے بالو کے برش سے جہاڑ لو اور دوسرے جنس کے پہول کے حامل الزوجین پر رکہدو۔ اسپر ایک باریک ململ کا کپڑا باندہ دو۔ تاکہ کیڑا نہ بیٹھے۔ اور ہوا سے اوڑ نہ جاوے۔ جب پہول اپنے وقت پر خشک ہو جاتا ہے تو تخم نکال کر رکہ لین۔

تخم پہل (۱۰) حمل قبول کرنے کے بعد پراگ کیسر اور گربہ کیسر اور اقمع کا کام ختم ہو جاتا ہے اور وہ دن بدن مرجہا کر گر جاتے ہین۔ اب صرف لونہ اور حامل الزوجین باقی رہتے ہین بعد چند روز کے حامل الزوجین معہ بطن لونہ کے مرجہا کر ختم ہو جاتے ہین صرف لونہ ہی ایسی شئے ہے جو پہل اور تخم بن جاتا ہے۔ بعض اوقات بطن گل معہ پنکہڑیون کے پہل کے ہمراہ دبیز پوست بن جاتا ہے۔ بعض پہولون مین لونون کی تعداد متعدد ہونے سے ہر لونہ علیحدہ علیحدہ پہٹ جاتا ہے۔ مثلاً بہنیڈی اور کپاس کے بوڑیان اور ارنڈی کے پہل اور بعض پہل کے لونہ نہین پہٹتے ہین۔

(۲) بعض پھول کا رحم جو لونہ کے اندر ہوتا ہے۔ مغزدار اور گتھا ہوا ہو تو مغزدار پھل ہو جاتے ہین۔ بعض پھولون مین رحم آدھا مغز اور آدھی گٹھلی ہوتی ہے اس لیے رحم مین نصف گٹھلی اور نصف مغز کا مادہ ہوتا ہے۔ انڈے ہون تو تخم بنجاتے ہین

(۳) تخم کا مفصل بیان باب (۷) تخم (ق) صفحہ (   ) ملاحظہ طلب

اراضی | (۱۱) گلزار کیلیے ہمیشہ اراضی زرخیز ضرور ہے۔ کم از کم درجہ اول کی اراضی ضرور ہے دیکھو فقرہ (۲۶) و فقرہ (۲۷) باب (۱) اراضی (ق) اور نیز دیکھو فقرہ (۵) باب (۱) لوازم باغات (ف ب)

اراضی کی استواری وغیرہ | (۱۲) رقبہ گلزار و موسم گلزار و کیاریان و درستی اور نرسری کی کیاری تخم و پودہ گرین ہوس و ہاٹ ہوس و مکان و کوٹھا و جھفریان اور گملہ درختان حاشیہ باغات اور کھاد و اراضی پہاڑی و میدانی والبندی کے لیے من ابتدا فقرہ (۱ تا ۲۶) باب (۱) لوازم باغات (ف ب) ملاحظہ طلب

گرین ہوس | (۱۳) دیکھو فقرہ (۱۲) باب ۱ لوازم باغات (ف ب)

گملہ بنانے کی ترکیب | (۱۴) دیکھو فقرہ (۱۶) باب (۱) لوازم باغات (ف ب)

پھلواری کی کھاد | (۱۵) (۱) دیکھو فقرہ (۲۳) باب (۱) لوازم باغات (ف ب)

(۲) کس عنصر سے کون حصہ درخت کا بنتا ہے۔ دیکھو فقرہ (۲۸۷) باب (۵) کھاد (ق)

(۳) پھلواری درختون کے لیے کمستی اور کبیرستی مین کسطرح کھاد دہانی ہونی چاہیے دیکھو فقرہ (۲۸۸) باب (۵) کھاد (ق)

(۴) حسب ذیل کھاد بھی مفید ہین۔ قوت برقی اور پیرا اشر اکسیر کی کھاد کے استعمال کے لیے دیکھو فقرہ (۵۲۴) (ق)

(۱) پراثر کھاد دیکھو فقرہ (۵۱۸) (ق) (۲) گملون کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۲۵) (ق)
(۳) مینیورفارم یارڈ کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۲۰) (۴) قوت برقی کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۲۲) ق
(۵) پراثر اکسیر کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۲۳) ق (۶) گوشالہ کی کھاد دیکھو فقرہ (۳۳۶) ق
(۷) نباتات کی بے نظیر کھاد دیکھو فقرہ (۴۴۳) (ق) (۸) باغیچہ کی مٹی یعنی ہیومس دیکھو فقرہ (۴۲۸) ق
(۹) کوئلہ کی کھاد دیکھو فقرہ (۴۵۳) ق (۱۰) بالو یعنی ریت دیکھو فقرہ (۴۷۸) ق
(۱۱) ہیومس یعنے باغیچہ کی مٹی اور کوئلہ اور ریت کا مجموعہ مفید ہے۔ (۱۲) گوبر کی رقیق کھاد دیکھو فقرہ (۴۴۴) (ق)
(۱۳) پھل پھول دونا پیدا کرنے کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۴۰) ق (۱۴) قدرتی کھادین دیکھو فقرہ (۵۴۱) (ق)
(۱۵) پنیر کی کھاد دیکھو فقرہ (۶۰۲) (ق) (۱۶) نازک پودون کی کھاد دیکھو فقرہ (۴۳۵) (ق)
(۱۷) عمدہ مفید کھاد دیکھو فقرہ (۵۲۹) (ق) (۱۸) دنڈل کی کھاد دیکھو فقرہ (۴۹۴) (ق)
(۱۹) ہلکی کھاد دیکھو فقرہ (۵۱۶) (ق) (۲۰) اجزاء لازمی کی کھادین دیکھو فقرہ (۴۷۴) ق

(۵) کیڑے مکوڑون کے اندفاع کیلئے حسب ذیل کھاد مفید ہے۔
(۱) حفظ ماتقدم کی کھاد دیکھو فقرہ (۵۳۸) (ق) (۲) کیڑے مکوڑون کے اندفاع کی کھاد
دیکھو فقرہ (۵۳۹) (ق)

(۶) بے موسم پھول پھل پیدا کرنے کے لئے کھاد مخصوص ہے۔ اگر شتر مرغ کا گوبر یعنی فضلاء بطور کھاد کے جڑون مین ڈالین اور آبرسانی کم کرین تو بے موسم بھی پھول آتے ہین۔

(۷) گرم کھادون کے استعمال کی ممانعت کیلئے دیکھو فقرہ (۲۸۰) (ق)

(۸) گوبر کو پانی کے ہمراہ رولکر رقیق کھاد بنا کر پھلواری کے درخت مین آبرسانی کرین تو بہت مفید ہے۔ دیکھو فقرہ (۳۴۲) (ق)

(۹) (۱) وہ کھاد جو قلم کے لئے مرقوم ہے۔ دیکھو فقرہ (۲۱) باب ہذا استعمال کرسکتے ہین۔
(۲) ہیومس نباتی کھاد بارہ حصہ (۲) پودون کی راکھ آٹھ حصہ (۳) بوسیدہ چھال چار حصہ

(۴) بالو یعنی ریت چار حصہ (۵) کائی چار حصہ۔

موسم تخم ریزی کے اوقات بہ خصوص ممالک غیر

(۱۶) جنوبی اور شمالی ہندوستان مین چونکہ جنوبی ہندوستان گرم ممالک مین شامل ہین۔ اور شمالی ہندوستان سرد ممالک مین شمار ہے۔ اور انگلنڈ سرد ممالک مین شامل ہے۔ اس لئے تخم ریزی کے زمانہ مین بھی کچھ فرق ہے جو حسب ذیل ہے۔

(۱) جنوبی ہندوستان اور بنگلور کا موسم پھلواری۔	جولائی و اگسٹ کے ماہ پھلواری کے تخم ریزی کا زمانہ ہے لیکن عموماً وسط اکٹوبر مین تخم ریزی کیجاتی ہے۔
(۲) شمالی ہندوستان کا پھلواری	مئے۔ جون مین تخم ریزی کیجائے
(۳) انگلنڈ کا موسم پھلواری	شروع فیروری مین تخم ریزی کیجاوے اور اگسٹ اور سپٹمبر مین بھی بو سکتے ہین۔
(۴) کوہی علاقہ جات مین پھلواری	اگسٹ اور مارچ مین تخم ریزی کیجاوے۔
(۵) بنگال کا موسم پھلواری	وسط اکٹوبر مین تخم ریزی کیجاوے اور نومبر مین بھی بوتے ہین

عام موسم پھلواری تخم ریزی

(۱۷) (۱) میدانون مین جاڑہ کی پھلواری ڈسمبر سے مارچ تک تخم ریزی کرتے ہین تو جاڑہ مین پھول آتے ہین۔

(۲) فروری سے جون تک تخم ریزی کیجاوے تو بارش و گرما مین پھول آتے ہین۔

(۳) پہاڑون مین فروری سے اپریل تک تخم ریزی کیجاوے

تخم و پودہ و قلم و طریقہ کاشت

(۱۸) تخم و پود و طریقہ کاشت کے لئے دیکھو باب (۷) تخم و باب (۸) پودہ و باب (۹) طریقہ کاشت قانون زراعت مالگذاری عثمانیہ اور قلم و پیوند داب گوٹی چشمہ خیلہ کا تفصیلی بیان فن باغات عثمانیہ نسخہ مولف (ف ب) مین مرقوم ہے۔ تختہ جات پھلواری و فرن و کروٹن مین ہر درخت کے محاذی تخم و گانٹھ یعنے جڑ و بدے

وقلم وپیوند وچشمہ کی صراحت کی گئی ہے۔ اس سے یہ مقصد ہے کہ وہ درخت اون طریقون سے پیدا کیا جا سکتا ہے دیکھو باب (۲) (و ۳) و ۴) (کتاب ہذا)

(۲) وہ درختان جنیہ کتاب ہذا جو ذریعہ جڑوندون معہ شاخ کے بو سکتے ہین۔ ان کو جڑون کے بونے کے بعد جب شاخ نکل آوے اور اوس ایک درخت سے کئی درخت نکالنا چاہین تو شاخون کو جڑوندون کے ہمراہ اس طرح چیرین کہ شاخ کے ہمراہ جڑوندے لگے رہین۔ اس بو دیا تخم و قلم وپیوند کے درختونکو کھاد آمیز گملہ یا کیاریون مین نصب کرین تو درخت ہو جاوینگے

شاخ قابل قلم درختان پہلواری

(۱۹) شاخ قابل قلم درختان پہلواری کے لئے دیکھو فقرہ (۵۰) باب (۲) قلم وپیوند (ف ب)

(۱) قلم کے لئے کن شاخون سے شاخ کا انتخاب کیا جاوے اس کے معین و مقرر کرنیکا کوئی کلیہ قاعدہ نہین ہے لیکن اگر درخت کے حسب ذیل حصون سے شاخ لیجاوے تو حسب ذیل اثرات پیدا ہوتے ہین۔

(۱) اگر درخت کے نیچے کے شاخون سے شاخ لیجاوے تو درخت زوردار اور تناور اور خوب بالیدہ ہونگے لیکن پھول نہین آتے۔

(۲) اگر درخت کے تنہ کے اوپر کے شاخون سے شاخ درمیانی یعنے تنہ کی شاخ لیجاوے تو پھول جلد نکل آوینگے۔ اور درخت بھی بڑے ہونگے۔

(۳) اگر درخت کے آخری حصہ کے شاخون یعنے شامیانہ برگ سے شاخ بغرض قلم لئے جاوین تو پھول جلد لاوین گے۔ لیکن درخت بڑا اور بالیدہ نہین ہوتا۔

(۴) اگر درخت کے نئی شاخین لیجاوین تو درخت بڑا ہوگا لیکن عرصہ کے بعد پھولیگا

(۲) عام طور پر پھلواری کے درختون کے تنہ کی شاخ جو اوپر سیدھی چلی جاتی ہے حصہ درمیانی سے قلم لیجاوے تو قلم بھی جلد نصب اور درخت قائم ہو جاویگا۔ پھول بھی جلد لاویگا۔ مگر قلم کا طول (۹) انچ سے ایک فٹ تک ہو اور ہر دو سرون

پر کم از کم دو آنکھون کے حساب سے چار آنکھوے ضرور ہون ورنہ سرسبز نہ ہوگا اگر اس سے زائد آنکھوے رہین تو مضائقہ نہین۔

قلم کی مقدار و طول

(۲۰) دیکھو فقرہ (۵۳) باب (۲) قلم و پیوند (ف ب)

کھاد قلم درختان پھلواری کی

(۲۱) درختان پھلواری کے شاخون سے جو قلم تراش کر لئے جاتے ہین۔ اور حسب فقرہ (۲۳) نصب کرتے ہین۔ ان کے لئے کھاد کی بھی ضرورت ہے تاکہ ضرر و زخم منجمد ہوکر مندمل ہو جاوے حسب ذیل کھاد دیکر نصب کرین۔

(۱) تالاب کی گاد اور رونڈل کی کھاد جسمین نمی قائم اور ترشی کے پیدا ہونے کا احتمال نہین ہوتا ہے۔

(۲) نارجیل کی جٹ اور تالاب کی گاد اور اسفنج کا کوفتہ کھاد ہو۔ لیکن معمولی مٹی نہو

(۳) ندی اور دریا کی تازہ ریتی چمکدار ہو۔ لیکن ہٹیاری ریت نہو۔ مقامات سایہ دار گرین ہاوس یا آئینہ کے چوکھٹون مین ڈال کر قلم نصب کرین۔ جو نازک پودون اور وہ پودے جن کی لکڑی سخت ہوتی ہے۔ زیادہ موزون ہے۔ اور جن کی لکڑی نرم ہو ہلکی مٹی کے اراضی مین بغیر بالو لگادین۔

(۴) ایسے اوسط حوض یا گملون مین جن مین بالو ریتی ڈالی گئی ہو اور سایہ دار مقامات پر ہو اور جس مین پانی کی ایک تہہ دیگئی ہو۔ اور جس پر لاسیٹن یعنی گلاس شیشہ کے ڈھانپے گئے ہون قلم نصب کر سکتے ہین۔ اگر گلاس ساختہ دستیاب نہ ہو تو آئینہ کے چوکھٹے پہ پہلو ہو کر صندوق نما ہون ڈھانپتے ہین۔ جو ہفتہ یا عشرہ ڈھانپے رہین یا گملہ اولٹا کرکے ڈھانپتے ہین۔ جیسا بیان کر دیا گیا ہو۔ مگر یاد رہے کہ قلم گملون کے کنارون کو چھوئے ہوئے ٹیڑھے نصب کئے جاوین۔ لیکن گملون کے اولٹا ڈھانپنے سے حرارت زائل ہو جاتی ہے۔ اور قلمون کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہوتا ہے۔ اس لئے

آئینہ کا چوکھٹا بہتر ہے۔ دیکھو نقشہ نمبر (۱۰۔۱۱) محولہ فقرہ (۵۶ و ۶۰) (ف ب)

(۵) جہان ریتی استعمال کرنے کی ہدایت ہو اگر تین حصہ تازہ بالو اور ایک حصہ چونا اور کوئلہ کا شمول کیا جاوے۔ اس سے بہتر اور کوئی کھاد نہین ہے۔

موسم قلم درختان پہلواری (۲۲) دیکھو فقرہ (۵۱) باب (۲) قلم و پیوند (ف ب)

نصب قلم درختان پہلواری (۲۳) دیکھو فقرہ (۵۶) باب (۲) قلم و پیوند (ف ب)

گرین ہوس کے پودے۔ (۲۴) پودے جو نازک اور گرین ہوس مین قابل پرورش ہوتے ہین۔ بحالت ابتدائی لاعلمی سے میدانون مین دہوپ مین نصب یا گملون کو دہوپ مین رکھہ دیتے ہین جس سے دہوپ موثر ہو کر مرنے لگتے اور حرکت کرنیکی طاقت سلب ہو جاتی ہے۔ اگر اسیطرح رہنے دیا جائے تو جانات کچی تسلیم کرتے ہین۔ لیکن ان نازک پودون کو حالت ابتدائی مین جو متحمل تمازت آفتاب نہ ہو سکتے ہین شیشہ محل مین پرورش کرین بوجہ موافقت آب و ہوا درخت مین جد جہد مندرجہ فقرہ (۵۷) باب (۱۵) درخت (ق) بغرض روشنی اور ہوا شروع ہو جاتی ہے۔ جب درخت اُس مین بڑے ہو جاتے ہین تو درخت اپنی جد جہد کو نہین بہولتا۔ پس ان کو بعد ازان کسی سایہ دار درختون کے نیچے سایہ مین یا کہلے ہوئے میدانون مین نصب یا گملون کو رکہدین اور ان گملون پر ٹٹ چھتی یا کلانہہ کا کپڑا یا ٹٹیان یا گہاس پہونس سے سایہ کر دیا جاتا ہے۔ پہران مستقل پودون کو نصب کرین تو درخت سرسبز اور بارور اور مالیہ ہون گے۔ اس طریقہ مین باوجود اثرات تمازت آفتاب کوئی فرق پیدا نہین ہوگا۔ اس لئے گرین ہوس کی بیحد ضرورت ہے۔ دیکھو فقرہ (۱۲) (ف ب)

آبپاشی بہار و خزان اوقات (۲۵) باغات اور پہلواریون کی آبپاشی و کرم

آبپاشی کرم و امراض و علاجات و امراض و علاجات کے لئے دیکھو باب

آبپاشی وباب (۱۳) کرم وباب (۱۴) امراض وعلاجات قانون زراعت مالگذاری عثمانیہ بالتصویر مولف کتاب ہذا۔

پہول کہلنے کے اوقات

(۲۶) بعض پہول ایسے ہین جو آفتاب کے غروب کے بعد کہلتے ہین۔ مثلاً گلاب آخر شب مین کہلتے ہین۔ بعض پہول جس کو گل دوپہریہ کہتے ہین برابر دوپہر کے وقت کہلتا ہے۔ گل خطائی ایسا پہول ہے جو آدہا مہینہ کہلا رہتا ہے کبہی مرجہایا نہین جاتا۔ بخلاف گل عباس کے وہ تمام رات کہلا رہتا ہے۔ صبح صبح مرجہا جاتا ہے۔ گل چولائی یہ پہول دن کے وقت کہلتے ہین۔ اس سے معلوم ہوا کہ جسطرح انسان اور حیوان وقت معینہ پر غذا حاصل کرتے ہین۔ اسیطرح نباتات بہی وقت کے پابند ہین۔ بے وقت غذا حاصل نہین کرتے۔ اور نہ کہلتے ہین۔ گلاب صبح کاذب پر۔ گل سلطان صبح صادق پر۔ گل شقاق سات بجے دن کے گل عباس بوقت مغرب گل موتیا صبح کے ساڑہے پانچ بجے گل شبو شام کے چہہ بجے گل چاندنی شب کے سات بجے کہلتے ہین۔

(۲م) سورج مکہی کا پہول جس طرف آفتاب دورہ کرتا ہے۔ اوسی طرف پہول بہی بسر گردان ہوتا ہے۔ اوسی سے غذا کو تحلیل کرلیتا ہے۔ اس واسطے اس پہول کو عاشق آفتاب کہتے ہین۔

جملہ پہول ایک روز کہلنے کی تدبیر

(۲۷) اگر کسی درخت پہولدار کے جملہ پہول ایکہی روز کہلانا منظور ہو تو اسی شرابکی آبرسانی کرین تو پندرہ روز بوجہ شراب کی آبرسانی کے غنچے بند رہینگے۔ اور جس روز کہلانا منظور ہو نوذہی ڈال دین تو اوسی روز تمام پہول کہلجاوینگے۔

پہولون مین زیادہ خوشبو پیدا کرنے کی ترکیب

(۲۸) ہر خوشبودار پہول مین خوشبو تو ضرور ہوتی ہے لیکن زیادہ خوشبو پیدا کرنیکا مقصد ہو تو بموجب

فقرہ (۳۳) باب (۱) لوازم باغات (ف ب) پیدا کر سکتے ہین۔ پہلواری کی صورت مین صرف اشیاء خوشبودار کو آبرسانی کے ہمراہ شامل کر کے آبرسانی کرنا کافی ہے۔

کملائے ہوئے پہولون کو مکرر تازہ کرنے کی ترکیب

(۲۹) پہولون یا پہولون کے گلاس یا گلدسون کو جو چند روز ہونے کی وجہ کملائے گئے ہون اور مرجہانے کی وجہ خراب نظر آتے ہون تو تدابیر ذیل عمل مین لاوین

(۱) گرم پانی مین ڈالدو تو دس پندرہ منٹ کے بعد تازہ بہ تازہ ہو جاوین گے۔

(۲) کوئلہ اور پانی کی گلاس مین ڈالکر گلدستہ یا پہولون کے گلاس کو ڈبو دو۔

ایک درخت مین مختلف رنگ کا پہول پیدا کرنے کی ترکیب

(۳۰) ایک درخت پہلواری مین مختلف رنگ کے پہول پیدا کرنا چاہین تو پیدا کر سکتے ہین بشرطیکہ اون مقصودہ درختون مین پیوند و چشمہ ممکن ہو اور نیز قلمون کا ملٹھا یا دو چار گانٹھ مختلف الاقسام پہلواری کے درختون کے جو قلم یا گانٹھون سے بوئے جاتے ہین۔ کھاد ہموار کر کے اراضی مین نصب کرین تو مختلف اقسام کے پہول نمودار ہونگے۔

دیکہو نقشہ نمبر (۱۲) محولہ فقرہ (۱۸ - ۳۵) و (۶۱) (ف ب)

درختان پہلواری کو پست قد کرنے کی ترکیب

(۳۱) پہلواری فرن و کروٹن کو پست قد کر سکتے ہین۔ دیکہو فقرہ (۱۴۷) ضمن (۲) باب (۲) قلم و پیوند (ف ب)

گانٹھ دار پودے پہلواری

(۳۲) ایسے تمام پودے گانٹھ دار جو جڑ و قندون یعنے گانٹھو کے ذریعہ بوئے جاتے ہین۔ پہولون کی بہار اوجڑنے کے بعد خشک ہو جاتے ہین ان کو ذائع یا بیکار نہین کرتے بلکہ پہر ان کے گملون کو اسی طرح ان کے نشو نما اور بالیدگی کے موسم تک بحفاظت رکہتے ہین۔ جب ان کا موسم کلی پہوٹنے کا آوے اور کلی پہوٹین تو پہر گملون مین نئی کہاد دیکر پہر مکرر سرسبز کرتے ہین۔ آبرسانی کے ذریعہ مکرر بہار لیتے ہین۔ اور جو مٹی ان گملون مین ہو اس کو بہی ذائع نہین کرتے۔ بلکہ

اس مین کچہہ مزید کہاد ملا کر اس کو استعمال کرتے ہین۔ یہ وہ پودے ہین جو جڑ ونڈون کے ذریعہ سے پیدا کیئے جاتے ہین۔

ان پودون کی حفاظت جو نقل مقام کونڈون مین آئے ہون

(۳۳) وہ پودے جو ایک کونڈہ سے دوسرے کونڈون مین لگائے جاتے ہین۔ بعد نصب کرنے کے ان کو سایہ دار مقامات مین رکہین۔ بعد آبرسانی کی خبرگیری کرین۔ اگر موسم سرما مین نقل مقامی کی گئی ہو تو اولاً دو چار روز گرم پانی کا استعمال کرنا ضرور ہے۔ بعد ازان ٹہنڈے پانی سے دو چار روز کو ایک دفعہ سیراب کرین تو درخت عمدہ اور سرسبز ہونگے۔

پہولون کا رنگ تبدیل ہوسکتا ہے۔

(۳۴) پہول مین کئی اقسام کے رنگ نظر آتے ہین جس کے لیئے اس بات کا جاننا ضروری ہے کہ طبعاً مٹی کا رنگ زرد۔ آتش کا رنگ سیاہ۔ پانی کا رنگ سفید ہوا کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ لیکن ظاہراً مٹی کا رنگ سیاہ آتش کا رنگ سرخ پانی کا رنگ سفید۔ ہوا کا رنگ اودا نظر آتا ہے۔ اس لیئے جب پودا اراضی سے برآمد ہوتا ہے تو زردی غالب رہتی ہے۔ اگر آتش مین ڈالین تو سیاہ اور اگر کپڑے کو پانی مین بہگا کر روز بروز سکہاوین تو سرخ اور ہوا سفیدی دیتی ہے۔ یہی عمل درختون کے پہولون مین نظر آتا ہے۔ اگر مٹی غالب ہوگی تو پہول مین زردی غالب ہوگی۔ اگر پانی زیادہ ہوجاوے تو سنہری۔ پس پہول کا رنگ چار عنصر کے کمی و زیادتی سے رنگ برنگ پیدا ہوتے ہین۔

(۲) اگر سرخ رنگ پہول کو گندک کا دہوان دین تو سفید ہوگا۔ اگر پہر گرم کا دہوان دین تو پہر سرخ ہوجاوے گا۔ اگر سفید پہول کے درخت کو زعفران کے پانی سے سیراب کرین تو چند ایام کے بعد زردی نما اور اگر ابتداءً سرخ ہو تو سنہرا ہوگا۔

(۳) اگر کسی پہول کا رنگ متغیر یا بدلنا چاہین تو مقصودہ رنگین پانی سے گملون یا کونڈون کو آبرسانی کرین یا گندک کا دہوان دین تو رنگ متغیر ہوگا۔

(۴) سرخ کنیر کے پہول کو گندک کا دہوا دین تو سفید اگر اودے یا نیلے رنگ کے پہول کو حسب متذکرہ صدر دہونی دین تو سرخ ہوگا۔ اگر چونہ کے پانی یا سوڈے کے پانی مین ڈالدین تو پہر حالت اصلی پر آجاویگا۔ نیلا کلر کے رنگ کے لیے اسکو الکہل مین محلول کرین۔ رنگ زرد کے لئے پکرک ایڈ مین پانی ملاکر ڈبو دو۔ اور ارغوانی رنگ کے لئے سہاگہ کام مین لاؤ۔ سبز رنگ کے لیئے ایک اونس پہٹکڑی اور انڈیگو کارمائن کو آدہا اونس لیکر دو اونس پانی مین گہولو۔ گہانس یا پہول کو رنگ لو اور اگر کم گہرائی سے رنگ مقصود ہو تو مرکب بالا مین قدرے پکرک ایڈ شامل کرو۔ اس طرح ہزارہا روپیہ کے پہول فروخت ہوتے ہین۔ جو مکانات کے آرائش اور لیڈیون کے زیب گلو ہوجاتے ہین۔

(۵) سرخ موگرہ یا موتیہ پیدا کرنے کی ترکیب (۱) موتیہ یا موگرہ کی جڑ یا شاخ سرخ پانگرے کی ڈالی مین سوراخ کرکے اس سوراخ مین پرو دین۔ اور لال مٹی سے سوراخ بند کرکے ہر دو درختون کی آبرسانی کرین۔ بعد چند ایام کے ایک جسم ہونے کے بعد موتیہ کے جڑ یا شاخ قطع کردین تو پہول سرخ نکلینگے۔ اور سفیدی موتیہ کی جاتی رہے گی۔ جس کو پار جاتم کہتے ہین۔ (۲) ترکیب سے تیار شدہ قلم کو تطعیم بالشق یا نبطی کہتے ہین۔ دیکہو فقرہ (۹۷) و (۱۰۲) باب (۳) قلم و پیوند (ف ب)

(۶) پہول کا رنگ تبدیل ہوسکتا ہے۔ دیکہو فقرہ (۲۹) باب (۱) لوازم باغات (ف ب)

شاخ تراشی و کندیدگی نہالہ درختان
پہلواری سے پہول بڑا اور جلد نکلتا ہے

(۳۵) پہلواری کے درختون کی شاخ تراشی اس وقت کیجاوے جبکہ ان کے پہولون کی بہار ختم ہوکر ہفتہ عشرہ گذر جاوے یا پتہ جہڑکر پتے سب گر جاوین

یا موسم بہار مین جبکہ کونپلیون کا آغاز ہونیکو ہو۔ عموماً ڈسمبر سے ۱۵ ر جنوری تک کونپلیون نکلنے کا زمانہ ہوتا ہے۔ بعد شاخ تراشی تہالہ مین کھود کر کھاد آمیز کرکے بند کردین۔ بشرطیکہ وسے درخت سال دوم مکرر پہولتے ہون۔ یکسالہ درخت بیخ و بنیاد سے اکھیڑ پھینکین۔ دیکھو فقرہ (۲۷) باب (۱) لوازم باغات (ف ب)

۲۔ پہول بڑا پیدا کرنے کی ترکیب۔ جب درخت مین شاخین نکلین تو ایک شاخ اوپر کو قائم رکھکر دوسری شاخ تراش ڈالے تو پہول بڑا ہوگا۔ اگر درخت کو بچپن مین حسب طریقہ آرڈر مندرجہ فقرہ (۱۹۹) باب (۲) قلم و پیوند محولہ نقشہ نمبر (الف ۱۳) (ف ب) جڑ سے نو انچ چھوڑ کر شاخ کے آنکھہ کے اوپر سے قلم یعنے کٹنگ کردین۔ بعد اس کے پہر ان مین شاخ نکلین اور بڑہین تو چھ سات انچ کی دوری پر اسی طرح قلم کرین۔ اس طرح شاخین نکلنے پر دو چار بار کٹنگ کرین تو اس درخت مین جتنی شاخین نکلین اتنے ہی پہول ہونگے۔ اور بڑے بڑے پہول غیر معمولی طور پر بالیدہ ہونگے۔ مگر اندرون سال دو چار کٹنگ متذکرہ صدر ہونا چاہیے مثلاً گلاب کا پہول کنول کے برابر بنا سکتے ہین۔

طریقہ ارسال درختان پہولواری (۳۶) دیکھو فقرہ (۳۶) فن باغات عثمانیہ (ف ب)

بغرض آرائشگی باغات گلزار گہانس وغیرہ (۳۷) باغ کے حاشیہ اور اندرون باغ آرائش وغیرہ کے لئے حسب ذیل گہانس نصب کرتے ہین۔

(۱) دوب گہانس (۲) لان گہانس (۳) بیلی (زہر و رنگ)

(۲) حروف پیدا کرنے کے لئے زوجہ یا روش یا کیاری کے حاشیہ پر جوائیا کے پودون سے پیدا کئے جاوین۔

(۳) گہانس بڑہنے کی صورت مین گہانس کے درو کا آلہ نو ایجاد سے درو کرین۔ جو محکمہ زراعت سرکار عالی سے مل سکتا ہے۔

(۴) باغات اور چمن کی ارائش کے لئے درخت اس طریق سے ترتیب دئے جاوین کہ ہمیشہ بارہ ماسی میوہ اور پھول دستیاب ہون اور پودے آرائشی سدا سبز ہون۔

خاندان پھلواری (۳۸) پھلواری کے خاندان کے اسمار حسب ذیل ہین۔ تفصیلی بحث کے لئے دیکھو فقرہ (۹۸۴ تا ۹۹۰) باب ۱۴ درخت (ق) ملاحظہ طلب اور فرن کے درخت خاندان گرپٹوگم مین داخل ہین۔

(۱) خاندان سوسن (۲) خاندان شقائق النعمان (۳) خاندان نرجسیہ (۴) خاندان زرد ہوگلا یعنے ارس۔

تختہ جات پھلواری (۳۹) وہ پھلواری کے درخت۔ جن کے اقسام بلحاظ جنسیت ہوتے ہین تختہ مشبتہ نشان (الف) مین اور جن کے اقسام ہی نہین ہوتے ہین۔ تختہ مشبتہ نشان (ب) مین مرکوز ہین۔ دیکھو تختہ جات پھلواری (الف و ب)

باب (۲)

گلزار گلاب

گلاب (۴۰) گلاب کے اقسام (قلم و پیوند و چشمہ معہ صراحت موسم قلم و تیاری پھول معہ حلیہ تختہ مشبتہ نشان (الف) مین تحریر کردیا گیا ہے۔ بوجہ طوالت فضول مضامین جن کے معائنہ سے دل پریشان ہوجاتا ہے تحقیق کرکے مختصراً کارآمد امور تختہ کی صورت مین تمام پھلواری کے درخت مرکوز ہین دیکھو تختہ جات مشبتہ نشان (الف و ب)

(۱) گلاب کا درخت بذریعہ قلم و داب و پیوند چشمہ کے تیار کیا جاتا ہے۔ دیکھو باب (۲) قلم و پیوند (ق ب)

(۲) تبدیل جائے۔ گلاب کا درخت موسم بارش مین جائے تبدیل نہ کرین۔ بلکہ ۱۰ اضحی خشک

رہنے کی صورت مین زیادہ وقت ہے۔

(۳) آبرسانی وکھاد۔ موسم گرما مین خوب آبرسانی کرین اور تہالہ مین پانی جمع رہنے نہ دینا کہاد دیکر تہالہ بند کرین۔ بوقت الحاق امراض گرم پانی سے سینچنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

(۴) قلم لگانے اور شاخ تراشی کا وقت۔

(۱) دیسی اور پہاڑی گلاب کے لئے فروری مین قلم لگاتے ہین۔ شاخ تراشی بہی کرتے ہین۔

(۲) انگریزی اقسام گلاب مثل خونی وزرد وغیرہ اکتوبر مین چہانٹتے ہین۔ اوسط اکتوبر سے فروری تک قلم لگاتے ہین۔

(۳) موسم سرما مین خوشبودار پہول بکثرت کہلتے ہین۔

(۵) طریقہ نصب درخت پیدرہ اکتوبر سے فروری تک ولایتی گلاب کم از کم ایک بالشت یا آٹھ انچ لابنی تراشکر بنڈہیلین یا بدلو متعدد دکئی قلم لگا سکتے ہین۔ اور گوبر مین اندرونی زمین کا سرا ڈبو دین۔ گملون یا خندقون مین جس مین نصف حصہ بالو اور ریت اور نصف حصہ بے تظیر نباتات کی کہاد ہو۔ صرف ایک انچہ باہر نکلا ہوا چہوڑ کر سات انچ کے قریب گملون مین تیڑے مٹی مین دباؤ۔ حسب ضرورت آلہ ہزارہ سے روزمرہ پانی دو اس طرح کہ مٹی تین چار انچ نمدار ہو جائے۔ بقیہ نچلا حصہ خشک رہے۔ مگر یہ ضرور ہے کہ قلم کردہ کا سرا اوپر کا نیچے اور نیچے کا سرا اوپر اولٹا نصب کرین۔ بخلاف دیگر قلم پہلواری کے وہ نیچے کا حصہ اندرون اراضی اور اوپر کا حصہ بیرون اراضی نمایان لگانا چاہئے۔ اگر اس کے خلاف اولٹا قلم نہ لگادین تو گلاب کے درخت جڑ نہین لگاتے گملہ یا صندوق دہوپ مین رہین۔ اور گرمی اسطرح پہنچائی جاوے۔ جس سے صندوق کے پہیندے کے طرف سے بذریعہ سوراخ حرارت پہنچے بعض اوقات کیاریون یا مستطیل گڑہون مین قلمین لگالے جاتے ہین۔ جس مین اگر قلمین پوری طرح گڑہون مین مستغرق ہو جاوین تو

بہی مضائقہ نہین ہے۔ نمونہ کے لئے دیکھو فقرہ (۵۸) باب (۲) قلم و پیوند نقشہ محولہ نمبر ۱ (ف ب)

(۶) گلاب ولایتی کے چشمہ چڑہانے کے لئے چینی خوشبودار گلاب اور انگریزی گلاب اور گرانٹ گلاب کے لگا کر پودے تیار کرکے ان پر گلاب ولایتی کا چشمہ تیار کرنا چاہئے تو درخت زوردار اور زیادہ عمر کا چشمہ موسم سرما جنوری مین چڑھایا جاوے۔ پہولون کے زیادتی کے لئے اکثر گلاب کے جڑون مین دوسرے درخت کے شاخ پیوند کرکے شاخ زیادہ کئے جاتے ہین۔ جسمین پہول زیادہ نکلتے ہین۔ دیکہو فقرہ (۱۰۶) باب (۲) قلم و پیوند گلاب (ف و ب)

(۷) دیسی اقسام قلم و پیوند کا موسم (اکتوبر نومبر) و دابہ (بارش) انگریزی اقسام کا قلم (فبروری مین) چشمہ (جنوری) دیسی گلاب کا بڈ ولایتی گلاب کے بیج یعنے اسٹاک مین چڑہا دین تو درخت زوردار جلد ہاتہ آوینگے۔ دیکہو چشمہ (ف ب) فقرہ (۱۳۵)

(۸) درختون کے بونے کے لئے گہڑے بلند مقام پر حسب فقرہ (۳۵) (ف ب) کہاد رقیق گوبر کی دیکر تیار کرین۔ اور قلم یا تیار شدہ پودے بودین انگریزی گلاب کے لئے پہول نکلنے کے قبل اکتوبر یا نومبر مین اور دیسی پہاڑی گلاب کے لئے فبروری مین شاخ تراشی حسب فقرہ (۲۷) (ف ب) کرین تو پہول زیادہ اور بڑے نکلینگے۔ اور خشک پتہ توڑ ڈالین اور جڑون مین روگ پیدا ہوتا ہے اگر جڑ سڑ جاوین تو تہالہ کہولکر درخت باہر نکال جڑین کاٹ کرکر نصب کرین۔ ماہ مارچ مین خوب آبرسانی کرین۔ ماہ اکتوبر مین سالانہ کہاد دین۔ کہلی کی کہاد نہایت مفید ہے۔

(۹) (۱) موسم گرما کے اقسام مشہور حسب ذیل ہین جو فبروری مارچ مین بہار لاتے ہین۔

(۱) پرانس روز اس مین کیبج اور موس داخل ہین اس مین پنکہڑیان اور پتیان بکثرت ہوتے ہین۔

(۲) دیمک روز اس مین گلاب دمشقی و بصری و ملتانی و ہیرانی داخل ہین۔ ماہ مارچ اور چیت مین کچہ بہار لاتے ہین۔

(۳) اسویٹ برائیر اس مین گل تحیہ اور رعنہ گلاب نسرین داخل ہین مگر اس کو تراشنا مضر ہے پہول نہ لاویگا

(۴) بنکسین روز اس مین چینی گلاب داخل ہے جو ماہ اپریل مین کہلتے ہین۔ اس درخت کو تراشنا چاہیے۔

(۵) روزا المنٹی فلورا۔ ہلکے گلابی رنگ کا پہول ماہ فروری مین زیادہ کہلتا ہے۔

(۶) روزا ان دو لوکرپٹا جس مین ڈوگ روز داخل ہے اس مین ماہ فروری مین سفید پہول کہلتے ہین۔

(۱۰) موسم سرما کے اقسام مشہور حسب ذیل ہین۔ ہندمین موسم برسات مین بہار لاتے ہین۔ اور بعد برائے نام ماہ فروری مین قدرے پہولتے ہین۔

(۱) برپے چوال دیمک۔ درخت پست قد مگر پہول بڑا ہوتا ہے۔

(۲) دوغلا امای۔ اس قسم کا گلاب ہندوستان مین بمشکل پہولتا ہے۔

(۳) بوربون روز۔ بذریعہ قلم درخت پیدا کیے جاتے ہین۔ موسم سرما مین پہولتا ہے۔ ہندوستان مین بکثرت موجود ہے۔ دوسرے درختون کے ساتھ پیوند کرنے کے لیئے اچھا درخت ہے۔

(۴) نوی زیٹ۔ وہ گلاب جو مسک روز اور چائنا روز کے پیوند سے ہوتے ہین۔ ماہ فروری مین بکثرت پہولتے ہین۔ ہندوستان مین اسکو سیوتی کہتے ہین۔ بلندی سات آٹھ فٹ ہوتا ہے۔

(۱۲) اقسام گلاب بلحاظ رنگت حسب ذیل ہین۔

(۱) زرد پہول کے گلاب مثلاً ٹی اور نوی زٹ وغیرہ۔

(۲) نیلے رنگ کے پہول کے گلاب مثلاً کیپٹن انگرام۔ یورنک وغیرہ۔

(۳) سیاہ رنگ کے گلاب مثلاً ژیو پیرا ولی بو۔ لولیس وین ہوٹ وغیرہ۔

(۴) گہرے رنگ کے گلاب مثلاً یوجین فرسٹ۔ چارلس لیف اور ایکصد سے بہی زیادہ اقسام ہین۔

(۵) ہلکے رنگت کے گلاب۔ مثلاً ہتائیراہمر ک مسس رلور مس انگرام وغیرہ جس کے اقسام

بہت زیادہ ہیں۔

(۶) سفید رنگت کا گلاب۔ مثلاً میڈم لاچارم۔ کوکٹ ڈس بلانچز وغیرہ۔

(۷) چار کے خوشبو کے گلاب۔ مثلاً گلور ڈی ڈیجون۔ برل ڈی لے اون وغیرہ۔

(۸) چار کے خوشبو کے دوغلا گلاب۔ مثلاً مارشل شانڈر۔ چیسٹ ہائے ریڈ وغیرہ۔

(۲) قسم اول موسم گرما کے اقسام گلاب (بلحاظ رنگت)

(۱) سفید مثلاً ویٹ باتھ (۲) قرمزی مثلاً سلینا (۳) سرخ مثلاً بوجیبن درڈینر

(۴) گلابی مثلاً لینی (۵) سفید بادامی مثلاً رین بلانش۔

(۳) قسم دوم موسم سرما کے اقسام گلاب (بلحاظ رنگت)

(۱) سفید مثلاً پرپیچوال و ایٹ (۲) گلابی شوخ مثلاً میڈیم ولیم پال

(۳) سرخ مثلاً میڈم لینڈ لیو۔ (۴) پیازی مثلاً میڈیم امڈور ڈاوری

(۵) اودا قرمزی مثلاً ڈویل ڈی پال فونٹین۔

(۱۴) اقسام گلاب بلحاظ جنیت حسب ذیل ہیں۔ اقسام گلاب یوں تو بکثرت ہیں لیکن زیادہ مشہور اقسام تحریر کیے جاتے ہیں

(۱) انتوانی موٹن۔ خوبصورت گلابی۔ بڑا چمکدار پھول ہوتا ہے۔

(۲) انتوانی ڈشر۔ چمکدار سرخ ارغوانی بڑا اور نہایت شکیل پھول ہے۔

(۳) انڈری ڈمانڈ۔ زردی مائل پھیکا رنگ پھول ہوتا ہے۔

(۴) عبدالقادر۔ مخملی نہایت سرخ قرمزی خوشنما پھول ہے۔

(۵) آمابلس۔ مثل بالائی کے سفید بہت بڑا پھول ہے۔

(۶) ابل گرانڈ۔ نہایت دلفریب گلابی بڑا پھول ہے۔

(۷) اگسٹلی واشر۔ سنہرا زرد رنگ نہایت عمدہ پھول ہوتا ہے۔

(۸) ایڈرین کرسٹائل

(۹) الفریڈ ڈی روگومنٹ
(۱۰) بلیک پرنس
(۱۱) کیتھرن مرمیٹ
(۱۲) کلاتھہ آف گولڈ
(۱۳) کپتان کرسٹی
(۱۴) کون ٹیس آف آکس فرڈ۔
(۱۵) کرمزن، بیڈر
(۱۶) ڈی ورنی اینس
(۱۷) دیسی چینی گلاب
(۱۸) ڈی پرنس البرٹ
(۱۹) ایڈورڈ
(۲۰) الیس ساوتیج ۔
(۲۱) گوبالٹ۔
(۲۲) گلوری آف وال تھم۔
(۲۳) گلوری ڈیڈی جن
(۲۴) ہومر
(۲۵) ہزمجسٹی
(۲۶) لافرانس
(۲۷) یل الوینیر
(۲۸) لامارک
(۲۹) لویزن ہٹ
(۳۰) مارشل نیل
(۳۱) ماروان ہٹی
(۳۲) مانٹی کرسٹو
(۳۳) نیپولین۔
(۳۴) پرل ٹولائن
(۳۵) پیٹرڈ
(۳۶) پال نیرن
(۳۷) رین ماری ہنریت
(۳۸) لترگلاب (۳۹) لیڈی کرین (۴۰) پرنس چارلٹو

(۱۳)۔ گلاب کے درخت کو مثل درخت سرو یا شمشاد بنانا چاہئے تو جڑ کے شاخوں کو ڈوری سے تانتے ہیں تاکہ وہ سیدھا رہیں۔ اور اگر کوئی نئی کٹا لینے کی یا لانبی کرنیکی ضرورت ہو تو وہاں چشمہ کا عمل کرتے ہیں۔ اور اگر زیادہ گھنے اور شاخدار ہو تو آدمی یا جانور یا میز یا کسی شئے کے مثل آلات تراش سے بنا دیتے ہیں۔

(۱۴)۔ اقسام گلاب ،

(۱) بلحاظ موسم گلاب کے اقسام

(۱) موسم گرما کے گلاب فروری اور مارچ مین بہار لاتے ہین

(۲) موسم سرما کے گلاب۔ ہند مین موسم برسات مین پہولتا ہے۔ اور بعد برائے نام ماہ فروری مین پہول لاتا ہے۔

۱۵۔ تبدیل جائے درخت گلاب کو بارش کے موسم مین جائے تبدیل نہ کرین جائے تبدیل کا عمدہ وقت وہ ہے جبکہ اراضی خشک ہو۔

(۱۶) گرمی مین پانی سے خوب سیراب کرین برساتی پانی جمع نہ ہونے دین اور کھاد دیا جاوے اس درخت کو گرم پانی سے بوقت الحاق امراض سینچنا بہت مفید ہے۔

(۱۷) ایک چھٹانک کسیس پیسکر ایک گہڑے پانی مین گہولکر گملون مین دینے سے پہول چمکدار ہوتا ہے۔ گلاب درختان ذیل کے پہول ماہ فروری مین پہولتے ہین۔ اور بہت زیادہ خوشنما بہ نسبت دیگر درختون کے ہوتے ہین۔

(۱) مارشل نیل (۲) گلوری ڈیڈیجین (۳) لافرانس (۴) کپتان کرسٹی (۵) پال نیرو
(۶) مانٹی کرسٹو (۷) نپولین (۸) بلیک پرنس۔

(۱۸) اقسام جو بزبان اردو مشہور ہین حسب ذیل ہین۔

